تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

May 19,2023

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ کی رہائشی کوچنگ اکیڈمی میں سول سروسز (پریلمنری) امتحان دو ہزار چوبیس کے لیے مفت کوچنگ کے لیے درخواستیں مطلوب

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے موقر آر سی اے، سینٹر فار کوچنگ اینڈ کیریئر پلاننگ، سول سروسز (پری کم مین) میں دو ہزار چوبیس کے امتحان کی تیاری کے لیے مفت کوچنگ (اقامت گاہ کی مفت سہولت کے ساتھ) کی غرض سے درخواستیں مطلوب ہیں۔اس میں اقلیت، ایس سی، ایس ٹی اور خواتین امیدوار درخواستیں دے سکتے ہیں۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ ملک کے دس بڑے شہروں یعنی دہلی، سری نگر، جموں، حیدرآباد، گوہاٹی، ممبئی، پٹنہ لکھنؤ، بنگلوروا ور ملاپورم میں انٹرنس امتحان کرائے گا۔

طلبا کو سول سروسز کی تیاری کرانے اور انھیں کوچنگ دینے کے معاملے میں آر سی اے ایک مشہور و معروف نام ہے۔ایس سی، ایس ٹی، خواتین اور اقلیتی طبقے سے تعلق رکھنے والے طلبا کو یہ اکیڈمی مفت کوچنگ فراہم کرتی ہے اور سول سروسز امتحانات کی تیاری کے لیے تربیت دیتی ہے۔سول سروسز اور دیگر مقابلہ جاتی امتحانات کی تیاری کرنے والوں کے لیے ملک کے دوسرے مقامات کے مقابلے میں یہاں کا ماحول انتہائی سازگار اور آب و ہوا کافی بہتر ہے۔

گزشتہ سال اکیڈمی سے تیاری کرنے والے طلبا کے نتائج کافی اچھے تھے محترمہ شروتی شرما نے سول سروسز امتحان دو ہزار اکیس میں پورے ہندوستان میں پہلا مقام حاصل کیا تھا۔آر سی اے نے اپنے قیام کے

بعد سے چھے سو سے اوپر سول سروسز اور دیگر مرکزی وصوبائی سول سروسز میں سلیکشن دیا ہے۔انٹرنس ٹسٹ ،اہلیت ،ٹسٹ مراکز اور دستیاب سہولیات سے متعلق تفصیلی معلومات کے لیے درج ذیل ویب سائٹ پر جائیں
htt://jmicoe.in:

تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی